فوری ریلیز کے لیے: 12/5/2024 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ریاست نیو یارک کی تھَرو وے اتھارٹی کے ملازم VINCENT GIAMMARVA کے اعزاز میں پرچم سرنگوں رکھنے کی ہدایات جاری کر دیں

13 مئی سے تدفین تک پرچم نصف بلندی پر سرنگوں رکھے جائیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کی تھَرو وے اتھارٹی کے ملازم "Vincent "Vinny Giammarva کی یاد میں 13 مئی کو طلوع آفتاب سے انکی تدفین تک ریاستی عمارتوں پر پرچم سرنگوں رکھے جائیں گے جو ہنریٹا مینٹیننس سیکشن میں تعمیراتی ہیوی ایکوپمنٹ آپریٹر تھے9 مئی کو چلی ٹاؤن میں واقع ایک ورک زون پر کام کرتے ہوئے شدید زخمی ہو گئے تھے اور بعد میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے تھے۔

"اب جبکہ Giammarva خاندان کے اہل خانہ اپنے شوہر اور والد کی وفات کے صدمے پر سخت غمزدہ ہیں، تو ہم انکے اس غم میں برابر کے شریک ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جب ہم تھرو وے پر گاڑی چلا رہے ہوتے ہیں تو وہاں کام کرنے والے کارکنان کا خیال رکھنا ہماری اہم ترین ذمہ داری ہوتی ہے – کیونکہ انکی زندگیوں کا انحصار ہمارے دھیان سے ڈرائیو کرنے پر ہوتا ہے۔ نیو یارک باسیوں پر فرض ہے کہ جب کوئی ایسا علاقہ قریب آئے جہاں کام جاری ہو، تو وہ خوب چوکنا رہیں، اپنی رفتار کم کریں اور سائڈ پر آکے پہلے رک جائیں اور پھر اجازت ملنے پر آگے بڑھیں"۔

Vinny Giammarva ریاست نیو یارک کی تھرووے اتھارٹی کے ایک 19 سالہ ملازم تھے۔ انہوں نے اپنے سوگواران میں اہلیہ، دو بچے اور لاتعداد پیار کرنے والے عزیز رشتہ دار چھوڑے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں